© rasailojaraid.com



# جامعہ اثریہ للبنات کا دو روزہ انیسواں سالانہ اجتماع

سابقہ روایات کے مطابق امسال بھی مورخہ ۵ ۔ ۶ اکتوبر بروز ہفتہ اتوار کو جامعہ اثریہ للبنات کا سالانہ دوروزہ اجتماع منعقد ہوا ۔ جس میں ملک بھر سے مشہور و معروف مبلغات نے بڑے احسن انداز میں قرآن وحدیث کی روشنی میں مستورات کو خطاب فرمایا۔

حسب سابق بروز ہفتہ کو صبح ساڑھے آٹھ بجے نماز ظہر تک بین المدارس والجامعات کی طالبات کے درمیان (اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول) کے مقدس موضوع پر انعامی تقریری مقابلہ منعقد ہوا۔

اس اجتماع کی خصوصی بات یہ تھی کہ دوران اجتماع دونوں راتوں کو بھی تبلیغی تقاریر جاری رہیں اور اندرون شہر اور بیرون شہر سے آئی ہوئی خواتین کی بھاری تعداد نے شرکت کی۔

# موضع کھوہار ، پوران اور کوٹلہ آئمہ میں تبلیغی جلسے

۲۹ ستمبر کو بعد از نماز عشاء کھوہار کی جامع مسجد میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر جلسہ ہوا ۔ تلاوت اور نظم کے بعد مولانا محمد اکرم جمیل اور خطیب برطانیہ حافظ حبیب الرحمان حبیب نے مفصل خطاب فرمایا اور مورخہ ۱۰ اکتوبر کو بعد از نماز عشاء جامع مسجد اہل حدیث پوران میں جلسہ سے قاری عبدالرحیم ساجد خطیب گوجرانولہ قاری محمد بشیر خطیب جڑول (میرپور) اور مولانا عبدالوحد سلفی نے خطاب کیا ۔ اور مورخہ ۱۸ اکتوبر بعد از نماز عشاء جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ میں تبلیغی جلسہ ہوا ۔ جس میں مولانا عبدالوحد سلفی ۔ حافظ حبیب الرحمان ، مولانا عطا اللہ ثاقب اور حافظ اخلاق احمد نے خطاب کیا۔ ان تمام جلسوں میں مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے بھی شرکت کی۔

# انتقال پرملال

## مستری محمد یعقوب صاحب کی وفات

مستری محمد یعقوب کافی عرصہ بیمار رہ کر گزشتہ دنوں وفات پا گئے (اناللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم ایک اچھے مؤذن تھے اور بڑے عرصے تک جہلم کی مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں باقاعدگی سے اذان کہتے رہے وہ اکثر دوہری (ترجیع والی) اذان کہا کرتے تھے ۔ ان کی آواز بلند اور اذان کہنے کا اپنا لہجہ تھا ۔ بڑے عرصے تک اہل جہلم کو حضرت ابو محذورہ رضی اللہ عنہ کی اذان سنوا کر اس مردہ سنت کو زندہ کرتے رہے ۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی انہیں قیامت کے روز مؤذنین میں سے اٹھائے جن کے بارے میں سرور کائنات حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشخبری سنائی ہے کہ روز قیامت لمبی گردنوں سے مؤذنین پہچانے جائیں گے ۔ اللہ تعالی مرحوم کی لغزشوں ، کوتاہیوں ، اور گناہوں کو معاف کرے اور انکی اولاد کو ان کے لیے صدقہ جاریہ بنائے ۔ آمین۔

© rasailojaraid.com